**Evening Urdu News Srinagar**

**07:40 PM**

**17-July-2026**

**Headlines**

**وزیراعظم نریندر مودی نے ہریانہ ریلوے اسٹیشن سے ہائیڈروجن پر چلنے والی ملک کی پہلی ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر کیا روانہ۔ *....﴿**

**نیٹ انڈرگریجویٹ 2026کے نتائج کا اعلان// 138ٹاپرس میں جموں وکشمیر کے دو طالب علم شامل۔ *....﴿**

**سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اصلوبی سے جاری/ساڑھے تین لاکھ سے زائد یاتریوں کی پوتر گپھا میں حاضری۔ *....﴿**

**مرکزی حکومت نے پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے پہلے اتوار کو کی سبھی سیاسی پارٹیوں کی میٹنگ طلب۔ *....﴿**

**PM**

**وزیراعظم نریندر مودی نے آج ہریانہ کے جند ریلوے سٹیشن پر جند اور سونی پت کے درمیان چلنے والی بھارت کی پہلی ہائیڈروجن ریل گاڑی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ہائیڈروجن پر چلنے والی پہلی ریل گاڑی کی شروعات کو ریلوے سیکٹر میں شفاف اور دیرپا موبیلٹی کے حوالے سے کافی اہم مانا جارہاہے۔وزیراعظم نے اس موقعے پر ہریانہ میں 12ہزار 470کروڑ روپے لاگت والے کئی نیشنل ہائی وے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے وزیراوعظم نے کہا کہ بھارتی ریلوے میں پچھلے 12برسوں کے دوران مثبت تبدیلی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی پہلی ہائیڈروجن گاڑی کی شروعات سے جند کو ایک خاص مقام ملا ہے۔**

**پی ایم چندی گڑھ**

**وزیراعظم نریندر مودی نے بعد میں چندی گڑھ میں 4ہزار 7کروڑ روپے لاگت والے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کیا۔ان پروجیکٹوں کا تعلق طبی نگہداشت، تعلیم اور سڑک رابطے جیسے شعبوں سے تھا۔**

**ایل جی نُن وَن**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد اور بڑی تعداد میں یاتریوں کی گپھا پر حاضری دینے کو انتہائی خوش آئند قرار دیا ہے۔ ایل جی نے آج یاترا کے پہلگام نُن وَن بیس کیمپ کا دورہ کرکے وہاں**
**شردھالوو**

---

**ں کو فراہم کی جارہی سہولیات کا جائزہ لیا۔اعلیٰ افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران منوج ۂ سنہا نے بنیادی سہولیات کی دستیابی کے بارے میں تفصیلات طلب کیں۔یاترا کے تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ایل جی نے کہا۔**

**یاترا**

**سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک ساڑھے 3 لاکھ سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔ آج سہ پہر 3بجے تک مزید15 ہزار527 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی ہے۔دریں اثناءآج جموں کے بھگوتی نگر کے بنیادی کیمپ سے 4ہزار649یاتریوں پر مشتمل16واں جتھہ وادی پہنچ گیا ۔**

**Yatri Satisfy**

**درشن کرنے والے یاتریوں میں سے بیشتر اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گئے ہیں۔ یاتری یہاں کی خوبصورتی، مہمان نوازی اور یاترا کے حوالے سے سلامتی سمیت کئے گئے تمام انتظامات سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں۔اس تعلق سے کئی یاتریوں نے ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**NEET**

**نے نیٹ انڈرگریجویٹ2026کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ NTA امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی اس امتحان میں شامل ہوئے قریب 20لاکھ طالب علموں میں سے 11لاکھ 21ہزار طالب علموں کو طبی، ڈینٹل، آیوش اور دیگر منسلک پروگراموں میں داخلہ کیلئے کامیاب قرار دیاگیاہے۔ اس امتحان میں 138طالب علموننے720 میں سے 690سے زیادہ نمبرات حاصل کئے ہیں۔ ان میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے دو طالب علم حادیہ نثار اور زیدان وانی شامل ہیں۔حادیہ نثار نے ملکی سط پر 99واں جبکہ زیدان نے 124واں رینک حاصل کیا ہے۔ ان دو طالب علموں نے اپنی اس اہم کامیابی کے تعلق سے ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔**

**CM**

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے نیٹ انڈرگریجویٹ امتحان مینکامیاب ہوئے طلباءبالخصوص حادیہ نثار اور زیدان وانی کو مبارکباد دی ہے۔ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ طلبا کی یہ کامیابی اُن کی محنت ، لگن اور اساتذہ و افراد خانہ کی غیر متزلزل تعاون کی عکاسی کرتا ہے۔وزیراعلیٰ نے یہ امتحان کوالیفائی نہ کرنے والے طلباءکی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ مزید محنت کریں اور توجہی کے ساتھ دوسرے امتحان میں کامیابی حاصل کریں۔

**ستیش شرما**

خوراک ،سیول سپلائز اورامورصارفین کے وزیر ستیش شرما نے آج چھمب حلقے میں دس کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہاکہ موجودہ حکومت جمونوکشمیر کے ہر ایک علاقے مینترقیاتی عمل کو مساوی بنیادوں پر تقویت بخشنے کی وعدہ بند ہے۔

**Chief Secty**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران محکمہ جیالوجی اینڈ مائیننگ کی طرف سے مرتب کئی گئی 2026کی چھوٹے درجے کی کان کنی سے متعلق مجوزہ پالیسی تفصیلی تبادلہ خیال کیاگیا۔ چیف سیکریٹری نے جموں کشمیر میں قانونی اعتبار سے ایک فعال ، ٹیکنالوجی سے چلنے والی اور دیرپامائیننگ گورننس یقینی بنانے پر زور دیا ۔اٹل ڈلو نے روایتی کان کنی سے جڑے طبقوں کے روزگار کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ایک صاف وشفاف ڈیجیٹل ماحول تیار کرنے کی ضرورت اجاگر کی جس سے کان کنی کے کاموں میں ان کی شمولیت پورے حق کے ساتھ بنی رہے ۔

**مون سون اجلاس**

مرکزی حکومت نے پارلیمنٹ کے آنے والے مون سون اجلاس سے پہلے 19جولائی اتوار کو سیاسی پارٹیوں کے فلور لیڈرس کی میٹنگ طلب کی ہے۔ میٹنگ کے دوران حکومت پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی احسن طریقے پر چلانے کی سیاسی پارٹیوں سے تعاون طلب کریں گے۔واضح رہے کہ پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس رواں مہینے کی 20تاریخ سے شروع ہوکر 13اگست کو اختتام کو پہنچے گا۔ اس اجلاس کے دوران بحث اور منظوری کیلئے متعدد بِل اور قوانین لائیں جائیں گے۔

## Media Delegation

جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے میڈیا افراد کے ایک وفد نے نئی دلی میں الیکشن کمیشن آف انڈیا کی طرف سے منعقد کی گئی آل انڈیا کانفرنس آف میڈیا پروفیشنلز میں شرکت کی۔ اس موقعے پر شفاف چناوی عمل کو یقینی بنانے اور جمہوری اداروں کو مستحکم کرنے سے متعلق میڈیا کے رول پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کی نیوز ایڈیٹر کوشکی کشپ بھی شامل تھیں۔

## ٹرانسفر

اطلاعات وتعلقات عامہ محکمے میں کئی افسروں کے تبادلے عمل میں لائے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں جاری ایک حکمنامے کے مطابق لیاقت علی میر کو ڈسٹرکٹ انفارمیشن افسر بڈگام کے عہدے پر تعینات کیا گیاہے۔ شوکت حسین گنائی کولگام کے نئے ضلع انفارمیشن آفیسر ہوں گے۔شبیر احمد بٹ کو فیلڈ پبلسٹی افسر کشمیر مقرر کیا گیاہے۔اسی طرح اُویس منظور گورکھو بانڈی پورہ کے ڈسٹرکٹ انفارمیشن افسر ہوں گے۔ حکمنامے کے مطابق کُل 17افسروں کی تبدیلی اور تعیناتی عمل میں لائی گئی ہیں۔

## بُک فیسٹیول

سرینگر کے ایس کے آئی سی سی میں کل سے شروع ہونے والے بڑے کتاب میلے کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل ہیں۔چنار بک فیسٹیول کا یہ تیسرا شمارہ26جولائی تک جاری رہے گا، جس میں مختلف موضوعات کا احاطہ کرنے والی کتابوں کا ضخیم خزانہ فروخت کیلئے دستیاب رہتا ہے۔

## فاتحہ خوانی

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال کی اجتماعی فاتحہ خوانی آج اُن کے آبائی مقبرہ واقعہ گپکار روڑ میں انجام دی گئی۔ جس میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، نائب صدر ووزیراعلیٰ عمرعبداللہ ، پارٹی کے دیگر لیڈران اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔اس موقعے پر مرحوم کی جنت نشینی کیلئے اجتماعی دعائیں مانگی گئیں۔

## ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما اور قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما کی صدارت میں آج سرینگر میں پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے علاوہ پارٹی کے مجوزہ احتجاجی پروگرام پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## Scholarship

تکنیکی تعلیم کے کُل ہند کونسل نے جموں کشمیر کے طالب علموں کیلئے تعلیمی سیشن2026-27کے لئے خصوصی سکالر شپ سکیم کے تحت رجسٹریشن اور کونسلنگ کاعمل شروع کیا ہے۔ AICTE اس مقصد کیلئے جموں کشمیر کے محکمہ اعلیٰ تعلیم نے کو پورے خطے مینمتعلقہ طالب علموں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کیلئے سہولیاتی مراکز قائم کرنے کی ہدایت دی ہے . کونسل کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق رجسٹریشن اور کونسلنگ کے لئے آن لائن پورٹل کل یعنی 16جولائی سے ہی فعال ہوگیاہے۔

## منشیات

جموںوکشمیر میں نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں جاری ہیں۔ پولیس نے تانترے پورہ کولگام کے مشتاق احمد بٹ نامی ڈرگ سمگلر کا ایک کروڑ63لاکھ روپے مالیت کا رہائشی مکان اٹیچ کردیا ہے۔اسی طرح بڈگام پولیس نے خانصاحب سب ڈویژن کے پارنیوا اور آری گام ڈرگ سمگلروں کی چار جائیدادوں کو منہدم کردیا۔

## CBI

سینٹرل بیورو آف انوسٹگیشن سی بی آئی نے پردھان منتری گرام سڑک یوجنا جموں وکشمیر کی کے ایک اسسٹنٹ انجینئر کو 30ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے PWDعمل آوری پر تعینات رنگے ہاتھوں گرفتار کیاہے۔مذکورہ انجینئر ڈوڈہ ضلع میں ٹھاٹھری سے کٹھاواجانے والے پی ایم جی ایس وائی سڑک پروجیکٹ پر تعینات تھا۔

## عرس

بلند
پایہ

---

ولی کامل حضرت بابا ؒ
داوو

---

د خاکی رحمت اللہ علیہ کا عرس مبارک کل منایاجائے گا۔ اس سلسلے میں اُن کے آستان عالیہ ؒ واقع کوہ ماران میں دینی مجالس کا اہتمام ہوگا۔ اسی طرح کل ہی حضرت شیخ سید شاہ ناصر الدین بنگالی رحمت اللہ علیہ اور حضرت سید کمال الدین مدنی ؒ کے عرس بھی منائے جارہے ہیں۔

## صدر جمہوریہ

اور رومانیا کے تین Macedonia، نارتھ Maldova صدر جمہوریہ دروپدی مرمو19جولائی کو جائیں گی اور Maldova روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہورہی ہیں۔20جولائی کو صدر جمہوریہ

کے ساتھ وفد کی سطح پر بات چیت کریں گی۔ دورے کے دوسرے Maia Sanduاپنے ہم منصب مرحلے میں 21تاریخ کو جنوبی میسی ڈونیا جائیں گی جبکہ 23تاریخ سے وہ رومانیا کا دورہ کررہی ہیں۔

## Bharat Textile

نئی دلی میں اختتام پزیر ہوا۔ اس Bharat-Tex-2026 ملک کا سب سے بڑا گلوبل ٹیکسٹائل ایونٹ چار روزہ نمائش کے دوران ٹیکسٹائل کے شعبے میں بین الاقوامی شراکت داری کو بڑھاوا دینے، تجارت اور سرمایہ کاری کو تقویت بخشنے اور اس شعبے کی حصولیابی کی عکاسی کرنے کا ایک نمایاں پلیٹ فارم میسر ہوا۔

جموں وکشمیر ٹریڈ پرموشن آرگنائزیشن نے بھی بھارت منڈپم نئی دلی میں بھارت ٹیکس کے دوران جموں وکشمیر کی ہینڈلوم اور دستکاری صنعت کو اُجاگر کیا۔جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے 20نمائش کارونںے بھی اس نمائش میں حصہ لیا۔

## Europee Union

یورپی یونین نے پاکستان میں انسانی حقوق کی صورتحال پر گہری تشویش ظاہر کی ہے۔ اس نے خبردار کیاہے کہ ترجیحات پلس یا جی ایس پی پلَس کی عام کی گئی اسکیم کے تحت تجارتی فائدوں تک پاکستان کی لگاتار رسائی 2027سے نظرثانی شدہ جی ایس پی فریم ورک کے تحت بین الاقوامی وعدوں پر اس کے عمل درآمد پر منحصر ہوگی۔ رپورٹ میں حالیہ آئینی ترمیمات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ یورپی یونین نے یہ بھی کہا ہے کہ اقلیتوں کے خلاف نفرتی جرائم پر عدالتی کارروائی محض محدود ہے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت35ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35.8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت24.7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 32 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر42منٹ پر ہو گا۔